سوال

(195) سودی کاروبار کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ تعاون

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک تجارتی کمپنی میں اکاونٹنٹ ہوں اور یہ کمپنی بینک سے سودی قرض لینے کےلئے مجبور ہے، میرے پاس بھی قرض کے معاہدے کی کاپی آتی ہے تاکہ میں کمپنی کے رجسٹروں میں اس کے قرض کا اندراج کردوں کیا میرا اس قرض کے معاہدہ کو درج کرنا سود کی کتابت شمار ہوگا کہ میرےلئے اس کمپنی کی ملازمت ہی جائز نہ ہو، نیز کیا اس معاہدہ کو لکھنے کی وجہ سے میں گناہ گار ہوں گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ کمپنی کے ساتھ سودی معاملات میں تعاون جائز نہیں کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے والے، کھلانے والے اور سود کے لکھنے والے اور اس کے دونوں گواہوں پر لعنت کی ہے اور فرمایا کہ ''وہ سب (گناہ میں) برابر ہیں'' (صحیح مسلم) نیز حسب ذیل ارشاد باری تعالی وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ''اور گناہ اور ظلم کے باتوں میں تعاون نہ کیا کرو۔'' کے عموم کا بھی یہی تقاضا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص320

محدث فتویٰ